شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰(۱۱۔۹۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۱۱۔۹۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

امریکی سکریٹری ہوم لینڈ سیکورٹی جینیٹ نپولتانو ہندوستان کے دورہ پر

نئی دہلی، 24 مئی 2011: امریکہ کے ہوم لینڈ سیکورٹی کی سکریٹری جینیٹ نپولتانو 24 تا 27 مئی ہندوستان کے دورہ پر ہیں جہاں وہ نئی دہلی اور ممبئی میں ہندوستانی حکام اور نجی صنعت کے نمائندوں سے ملاقات کریں گی۔ ان ملاقاتوں کے دوران وہ داخلی سلامتی کو فروغ دینے کے بہترین طریقوں اور امریکہ اور ہندوستان میں تحفظ اور سلامتی کو مزید یقینی بنانے کیلئے دونوں ملکوں کے درمیان دہشت گردی مخالف اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے بیچ تعاون پر بات چیت کریں گی۔

ممبئی میں اپنے قیام کے دوران سکریٹری نپولتانو پولس میموریل میں 26/11 کو ممبئی پر ہونے والے دہشت گردانہ حملوں کے شکار لوگوں کو یاد کرنے کیلئے گلہائے عقیدت نذر کریں گی۔ وہ سرکاری حکام، قانون نافذ کرنے والے مقامی افسران، تجارتی نمائندوں اور شہری سوسائٹی گروپوں سے ملاقات کریں گی۔

نئی دہلی میں سکریٹری نپولتانو اور وزیر داخلہ پی چدمبرم مشترکہ طور پر ہند امریکہ ہوم لینڈ سیکورٹی ڈائیلاگ کا آغاز کریں گے۔ یہ ہند امریکہ اسٹریٹجک ڈائیلاگ کا انتہائی اہم نیا جز ہے جس سے امریکہ اور ہندوستان کے درمیان دہشت گردی مخالف اور ہماری داخلی سلامتی سے متعلق دیگر امور پر مواصلات اور اطلاعات کے تبادلے میں اضافہ ہوگا۔ بات چیت میں عالمی رسد کے گزرگاہوں کے تحفظ، غیر قانونی مالیات کی فراہمی روکنے اور سائبر سیکورٹی میں اضافہ کرنے پر بھی تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔

☆☆☆